# نویں بین الاقوامی
# سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کانفرنس

## ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات اور عالمی بقا، اسباب، تحدیات اور حل
## سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روشنی میں

**22-23 فروری 2023**

**سیرت چیئر، فیکلٹی آف اسلامک لرننگ**

دی اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور، پنجاب، پاکستان

# ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات اور عالمی بقا: اسباب، تحدیات اور حل، سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں

## تعارف:

درخشاں روایات کی حامل سیرت چیئر، دی اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاول پور امسال انتہائی اہم عالمی مسئلے ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات اور عالمی بقا کے موضوع پر سیرت طیبہ ﷺ کی رہنمائی فراہم کرنے کے لیے فروری ۲۰۲۳ میں نویں عالمی بین الاقوامی سیرت النبی ﷺ کانفرنس کا اہتمام کر رہی ہے۔ کانفرنس کا بنیادی مقصد موسمیاتی تغیرات کے پیچھے کارفرما اصل عناصر اور ان کے کرہ ارض پر مرتب ہونے والے ان مضر اثرات کی نشاندہی ہے جو مخلوق خدا کے لیے زہر قاتل کی حیثیت رکھتے ہیں۔ نیز ان کے حل اور سدباب کے بارے میں سیرت طیبہ ﷺ کی رہنمائی فراہم کرنا ہے۔ علما، سکالرز اور محققین کو دعوت دی جاتی ہے کہ وہ اپنی علمی کاوشوں کو اس سلسلے میں پیش کریں۔

## عنوانات:

### محور اول: ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات اور نکتہ ہائے نظر

- ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات کے بارے میں مروج مذہبی نکتہ نظر کا جائزہ
- ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات کے سائنسی نکتہ نظر کا جائزہ
- ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات کے توہماتی نکتہ نظر کا جائزہ
- ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات کا تاریخی ارتقا کے پس منظر میں جائزہ

### محور دوم: ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات کے اسباب اور سیرت طیبہ ﷺ کی رہنمائی

- ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات کے فکری اسباب
- ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات کے اخلاقی اسباب
- ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات کے معاشرتی اسباب
- ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات کے معاشی اسباب
- ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات کے سیاسی اسباب

### محور سوم: بقاءعالم کے لیے ماحولیاتی/موسمیاتی تقاضے، اسوہ نبوی ﷺ کے تناظر میں

- ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات اور صنعت کاری
- ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات اور جنگلات
- ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات اور سائنسی ایجادات
- ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات اور عمرانی تقاضے
- ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات اور شہری منصوبہ بندی
- ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات اور اخلاقی تعلیمات

### محور چہارم: ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات اور ترقی یافتہ ممالک کی بدانتظامی اور بے احتیاطی کے نتیجے میں ترقی پذیر ممالک کے مسائل کے حل کے سلسلے میں بین الاقوامی برادری کی بے حسی اور بے اعتدالی کا حل سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں

- ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات اور ترقی یافتہ ممالک کی کاربن مصنوعات اور دیگر صنعتی بے اعتدالیاں ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات اور کیمیائی جنگیں
- ترقی یافتہ ممالک کی بدانتظامیوں اور بے اعتدالیوں کا حل سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں

### محور پنجم: ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات اور ہماری ذمہ داریاں سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں

- ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات اور عالمی ذمہ داریاں
- ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات اور ریاستی ذمہ داریاں (مقننہ، عدلیہ انتظامیہ)
- ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات اور اداراتی ذمہ داریاں (مساجد، تعلیمی ادارے، میڈیا سیاسی، مذہبی اور سماجی تنظیمیں
- ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات اور عوامی ذمہ داریاں اور عوامی آگہی
- ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات کے متاثرین کی نفسیاتی، اخلاقی وسماجی تربیت

## اہداف ومقاصد:

- ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات کے متعلق مختلف نکتہ ہائے نظر کا اسلامی تعلیمات کی روشنی میں تجزیہ
- ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات کے اسباب ومحرکات اور حیات ارضی پر مرتب ہونے والے اثرات کا سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں جائزہ
- بقائے عالم کے لیے مطلوبہ ماحولیاتی/موسمیاتی معیارات کی وضاحت سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں
- ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات کے سلسلے میں ترقی یافتہ ممالک کی بدانتظامیوں اور بے اعتدالیوں کی وضاحت اور ذمہ داریوں کا تعین سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں
- ماحولیاتی/موسمیاتی تغیرات اور سماج کے مختلف طبقات کی ذمہ داریوں کا تعین سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں

## مضمون جمع کرانے کے لئے شرائط وضوابط:

i- مقالہ کانفرنس کے عنوانات سے متعلقہ ہو۔

ii- مقالہ HEC کی Anti Plagiarism پالیسی کو ملحوظ رکھ کر لکھا گیا ہو۔

iii- مقالہ بحث وتحقیق کے اصولوں کے مطابق ہو اور ہر قسم کی اغلاط سے مبرا ہو۔

iv- مقالے کے ساتھ تقریباً تین سو الفاظ پر مشتمل انگلش خاکہ تحقیق (Abstract) مع کلیدی الفاظ ارسال کیا جائے۔

v- مقالہ کے حوالہ جات (citations) کے لیے شکاگو مینول آف سٹائل کو اختیار کیا جائے گا۔

vi- قرآنی آیات کو اصل متن بمع درست اعراب اور احادیث کو حوالوں کے ساتھ لکھا گیا ہو۔

vii- مقالہ MS Word میں کمپوز کیا گیا ہو، نیز مقالے soft اور hard کاپی ارسال کرنا ضروری ہے۔

viii- مقالہ A4 سائز، نارمل مارجن ( 1" )، اردو زبان کے لیے جمیل نوری نستعلیق، جبکہ انگلش کے لیے Time New Roman اور عربی کے لیے Traditional Arabic رسم الخط اختیار کیا جائے۔

ix- مقالہ کانفرنس 15-20 صفحات پر مشتمل ہو۔

x- مقالہ پہلے کسی کانفرنس یا ریسرچ جرنل میں پیش نہ کیا گیا ہو۔

xi- مقالہ غیر جانبدارانہ تحکیم (Blind Peer Review) کے بعد کانفرنس میں شامل کیا جائے گا۔ مقالہ جات کی منظوری اور عدم منظوری کے لیے اکیڈمک کمیٹی کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

## رجسٹریشن فیس:

i- فیکلٹی ممبر کے لیے 2500/- روپے (صرف اسسٹنٹ پروفیسر، ایسوسی ایٹ لیکچرار اور لیکچرار کے لیے)

ii- ایم فل اور پی ایچ ڈی سکالرز کے لیے 1500/- روپے۔

**کانفرنس کی زبانیں:** عربی، انگریزی اور اردو

**مقام:** خواجہ فرید آڈیٹوریم، بغداد الجدید کیمپس، اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور، پاکستان۔

## اہم تاریخیں:

- ملخص جمع کرانے کی آخری تاریخ: ۲۰ دسمبر ۲۰۲۲
- منظور شدہ خلاصہ کی قبولیت کا کا اعلان: ۳۰ دسمبر ۲۰۲۲
- مقالہ جمع کرانے کی آخری تاریخ: ۲۰ جنوری ۲۰۲۳
- مقالہ کی منظوری کا اعلان: ۳ فروری ۲۰۲۳
- رجسٹریشن کی آخری تاریخ: ۱۰ فروری ۲۰۲۳
- کانفرنس کے انعقاد کی تاریخ: ۲۲، ۲۳ فروری ۲۰۲۲

سرپرست اعلیٰ:

## انجینئر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب (تمغہ امتیاز)

وائس چانسلر، دی اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور

سرپرست:

پروفیسر ڈاکٹر شیخ شفیق الرحمن، ڈین فیکلٹی آف اسلامک لرننگ

آرگنائزر/فوکل پرسن:

ڈاکٹر سجیلہ کوثر، ڈائریکٹر سیرت چیئر

کانفرنس کوآرڈینیٹرز:

۱۔ ڈاکٹر حافظ سلطان محمود خاں، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ قرآنک سٹڈیز

۲۔ ڈاکٹر شبانہ نذر، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ عربی زبان وادب

۳۔ ڈاکٹر حافظ محمد صدیق، لیکچرر، شعبہ حدیث

۴۔ ڈاکٹر محمد یاسر، لیکچرر، شعبہ علوم اسلامیہ

برائے رابطہ:


**سیرت چیئر، فیکلٹی آف اسلامک لرننگ**

**دی اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور، پنجاب، پاکستان**

**Ph: + 92-62-9255476 Fax: +92-062-9250232**

**E-mail: seeratchair@iub.edu.pk, seeratconference@iub.edu.pk**



Printed by: The University Printing Press I.U.B., Bahawalpur,Pakistan. 062-9255598